| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 5 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اول: قرآن مجید و حدیثِ نبوی ﷺ<br>باب سوم: سیرتِ طیبہ ﷺ | سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید<br>سبق کا نام: دعوت و تبلیغ |

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- دینِ اسلام کی تبلیغ کا مفہوم، ضرورت اور اہمیت جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی دعوتِ اسلام کے آغاز میں اندازِ تبلیغ کے بارے میں جان سکیں۔
- سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والوں کے ناموں سے آگاہ ہو سکیں۔
- اسلام کی دعوت کے دوران میں قریش مکّہ کی مخالفت اور رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ پر کیے گئے مظالم سے آگاہ ہو سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی ثابت قدمی کے بارے میں آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں ان کی پیروی کر سکیں۔
- اسلام کے آغاز میں رسولِ اکرم خاتم النبیین ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی مشکلات کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے خاتم النبیین ہونے کی وجہ سے اُمت پر دعوت و تبلیغ کی ذمّہ داری کو سمجھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

## طریقہ تدریس: 5 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق "حفظِ قرآن مجید" اور "دعوت و تبلیغ" کی دہرائی کروائیں۔

- طلبہ کو ورک شیٹ دے کر ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو بآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھ اور سمجھ کر جواب دیں۔

**اعادہ:** **15 منٹ**

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

20منٹ

# ورک شیٹ

سوال1: دیے ہوئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

ا۔ دعوت و تبلیغ سے کیا مراد ہے؟

---

---

۲۔ حضور نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے صفا کی پہاڑی پر اہلِ مکہ سے کیا فرمایا تھا؟

---

---

۳۔ سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والوں کے نام لکھیں۔

---

---

سوال2: اسلام کی دعوت کے مراحل کو بیان کریں۔

---

---

---

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 5 | تاریخ: _____ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرتِ طیّبہ ﷺ | سبق کا نام: ہجرت حبشہ اُولیٰ وثانیہ (دہرائی) |

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- ہجرت کا مفہوم سمجھ سکیں اور ہجرتِ حبشہ کے بارے میں جان سکیں۔
- مکّہ مکرّمہ میں اسلام کے ابتدائی سالوں میں رسُولِ اکرم خاتم النبیین ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی مشکلات کے بارے میں جان سکیں۔
- حبشہ کے بادشاہ نجاشی کی شخصیت کے بارے میں جان سکیں۔
- نجاشی کے دربار میں حضرت جعفر طیّار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تقریر کے اہم نکات جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

**طریقہ تدریس:** 5 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق ''ہجرت حبشہ اُولیٰ وثانیہ'' کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دے کر ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھ اور سمجھ کر جواب دیں۔

**اعادہ:** 15 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

20منٹ　ورک شیٹ

**سوال1: خالی جگہ پُر کریں۔**

ا۔ ہجرت کا لفظی معنیٰ "__________" ہے۔

۲۔ حبشہ کے بادشاہ نے __________ کے ساتھ اچھّا سلوک کیا۔

۳۔ اعلانِ نبوّت کے __________ سال قریش کے ظُلم و سِتم سے تنگ آکر مُسلمانوں نے دوبارہ حبشہ کی طرف ہجرت کی۔

۴۔ حضرت جعفر طیّار رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے __________ بھائی تھے۔

۵۔ مسلمان حبشہ میں __________ سے رہنے لگے۔

**سوال2: مختصر جوابات لکھیں۔**

ا۔ ہجرت کسے کہتے ہیں؟

____________________

____________________

۲۔ دوسری ہجرتِ حبشہ کب ہوئی اور اس میں کتنے لوگ شامل تھے؟

____________________

____________________

**سوال3: حبشہ کے بادشاہ نجاشی نے مسلمانوں کو اپنے دربار میں بُلا کر کیا پوچھا؟**

____________________

____________________

____________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 5 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرتِ طیّبہ ﷺ | سبق کا نام: شعبِ ابی طالب |

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- شعبِ ابی طالب کا تعارف حاصل کر سکیں۔
- شعبِ ابی طالب میں محصورِین کی مشکلات سے آگاہ ہو سکیں۔
- شعبِ ابی طالب میں حضرت ابو طالب کے کردار سے آگاہ ہو سکیں۔
- محصورِین کے لیے اللہ تعالیٰ کی مدد سے آگاہ ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

**طریقہ تدریس:** 5 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق "شعبِ ابی طالب" کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دے کر ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو بآوازِ بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھ اور سمجھ کر جواب دیں۔

**اعادہ:** 15 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

ورک شیٹ | 20منٹ

**سوال1: دُرُست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

١ حضرت ابوطالب سردار تھے:

الف بنو ہاشم کے ب بنو اسد کے ج بنو تمیم کے د بنو عدنان کے

٢ شعبِ ابی طالب ملکیت تھی:

الف بنو ہاشم کی ب بنو عدی کی ج بنو اُمیّہ کی د بنو مخزوم کی

٣ قریش کے لوگ اکٹھّے ہُوئے:

الف وادیِ مُحصّب میں ب وادیِ طائف میں ج وادیِ حُنین میں د وادیِ عرفہ میں

٤ کُفّارِ مکّہ نے معاہدہ کو لٹکا دیا:

الف مسجد نمرہ کی دیوار پر ب مسجد قبا کی دیوار پر ج خانہ کعبہ کی دیوار پر د مسجدِ نبوی کی دیوار پر

٥ شعبِ ابی طالب میں محاصرہ جاری رہا:

الف دو سال ب تین سال ج چار سال د پانچ سال

**سوال2: شعبِ ابی طالب محاصرے کی کیا وجہ تھی؟**

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________